UK Health Security Agency

# ہیپاٹائٹس A

## Hepatitis A ویکسین کی بدولت قابل تدارک جگر کا ایسا انفیکشن ہے جو ہیپاٹائٹس A وائرس (HAV) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

یہ لوگوں میں آسانی سے پھیل سکتا ہے۔ Hepatitis A کی علامات میں تھکن (تھکاوٹ)، متلی ہونا (بیمار محسوس کرنا)، پیٹ میں درد اور یرقان (زرد آنکھیں/جلد) شامل ہو سکتی ہیں اور دو ماہ تک جاری رہ سکتی ہیں لیکن Hepatitis A والے اکثر افراد کی بیماری طویل عرصے تک نہیں ہوتی۔ بزرگ اور صحت کے دیگر مسائل، مثلاً جگر کی بیماری والے افراد کو ہیپاٹائٹس A سے بیمار ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ ہیپاٹائٹس A سے اپنی حفاظت کے لئے آپ ویکسینیشن کروا سکتے ہیں۔

### Hepatitis A منتقل ہو سکتا ہے بذریعہ:



Hepatitis A سے متاثرہ کسی شخص سے قریبی رابطہ



آلودہ سیال یا خوراک پینے یا کھانے سے

### علامات کیا ہیں؟



بیمار یا متلی محسوس کرنا




بخار، تھکاوٹ اور آپ کا کھانا نہ کھانا



گہرے رنگ کا پیشاب، زرد پاخانہ یا پیچش



آنکھوں یا جلد کا زردپن

## اگر کوئی اور علامات پائی جاتی ہیں، اندرون خانہ رہیں - کام، اسکول پر یا دوستوں اور اہل خانہ سے ملنے مت جائیں:




## اگر آپ بیمار ہو جاتے ہیں تو آپ کو کرنا چاہیئے:



اچھے حفظان صحت پر عمل کریں، جیسا کہ باقاعدگی سے صابن اور گرم پانی سے اپنے ہاتھ دھونا



بہت زیادہ آرام کریں، بیمار محسوس ہونے سے بچنے کے لئے کم، ہلکی غذا کھائیں



اسے دوسرے لوگوں تک منتقل کرنے سے بچنے کے لئے گھر پر رہیں کیونکہ یہ رابطے سے پھیلتا ہے



اپنے جگر پر تناؤ کم کرنے کے لئے الکحل سے اجتناب کریں



Hepatitis A سے آپ کی حفاظت کے لئے آپ کو ویکسین پیش کی جا سکتی ہے




طبی امداد حاصل کریں اور انہیں بتائیں کہ آپ ہیپاٹائٹس A والے شخص سے رابطے میں رہے ہیں۔

انہیں بتائیں کہ آپ کے پاس یہ فلائیر ہے، اس امر کو یقینی بنانے میں تعاون کے لئے کہ آپ کا حسب ضرورت علاج ہو آپ یہ انہیں دکھا سکتے ہیں۔



**اگر آپ کی علامات مزید بگڑ جاتی ہیں تو آپ کو NHS 111 نمبر پر کال یا اپنے GP سے بات کرنی چاہیئے۔**

© Crown copyright 2022. Product code: HEPA2021204UR Urdu. UK Health Security Agency Gateway Number: 2022014.
To order more copies of this leaflet please visit: www.healthpublications.gov.uk or call 0300 123 1002